سوال

(133) رسائل وجرائد میں غیر محرم عورتوں کی تصاویر دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسائل وجرائد اور دیگر چیزوں میں خواتین کی تصویریں دیکھنے کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کسی بھی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ (غیر محرم) عورتوں کے چہروں کی طرف دیکھے یا ان کے قابل ستر اعضاء دیکھے نہ تو رسائل میں اور نہ ہی کسی اور چیز میں کیونکہ یہ عمل فتنہ کے اسباب میں سے ہے، بلکہ مسلمان پر تو واجب ہے کہ وہ ان شرعی دلائل کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنی نظریں جھکائے رکھے جن میں اس عمل سے منع کیا گیا ہے۔ (شیخ ابن باز)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص196

محدث فتویٰ